ادارہ

افکار وتاثرات بنام مدیر

۲۰ جنوری ۲۰۱۶ <u>خدمتِ قرآن ٹرسٹ (رجسٹرڈ) پاکستان</u>

مقدس اوراق کی حفاظت

بخدمت جناب حضرت مولانا سمیع الحق صاحب زیدت مجدھم، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جناب عالی! آپکے علم میں ہے کہ ملک بھر میں مقدس اوراق (اسمائے حسنیٰ، قرآنی آیات، احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم) کی بہت زیادہ بے حرمتی ہو رہی ہے ان مقدس اوراق، شہید وضعیف قرآنی نسخہ جات کو محفوظ کرنے کا ملک بھر میں نہ ہی سرکاری طور پر کوئی انتظام ہے اور نہ ہی سماجی، مذہبی، سیاسی سطح پر کوئی منظّم انتظام ہے۔ادارہ خدمت قرآن ٹرسٹ پاکستان جو کہ حکومت پاکستان سے منظور شدہ ادارہ ہے ملک بھر میں

(۱) عوام کو بذریعہ پروگرامات۔ میڈیا، لٹریچر اس غفلت سے بیدار کر کے اس اہم فریضے کی ادائیگی کا احساس پیدا کرنا چاہتا ہے۔(۲) حکومت سے قرآن مجید کی طباعت اعلیٰ کوالٹی (کم از کم 80 گرام) پیپر پر کروانے کا بل منظور کروانا چاہتا ہے۔(۳) حکومت سے تمام پیپر ملز پر عام ردی اوراق کے ساتھ شہید وضعیف قرآنی نسخہ جات ری سائیکل کرنے پر پابندی کا بل منظور کروانا چاہتا ہے۔(۴) ملک بھر کے ہر ضلع میں ادارے کے لئے تقریباً 2 سے 5 کنال رقبہ لے کر قرآن محل بنا کر اس ضلع کی تمام مساجد و مدارس، سکول و کالجز، شہر و مضافات کے مقدس اوراق شہید وضعیف قرآنی نسخہ جات کو جمع کرنے اور کنوئیں کھود کر ان کی تدفین کرنے کا منظّم انتظام کرنا چاہتا ہے۔

جناب اقدس سے التماس خدمت ہے کہ اگر آپ اوراق مقدسہ کے تقدس کیلئے شرعی اور قانی طور پر ادارے کی اس ترتیب کو بہتر سمجھتے ہیں تو ان کوششوں میں تعاون فرمائیں اور اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

(۱) ادارے کو اس کام کی تحریری اجازت مرحمت فرمائیں

(۲) ادارے کی مکمل سرپرستی فرمائیں۔

(۳) اسمبلی سے بل منظور کروانے میں ادارے کے ساتھ تعاون فرمائیں۔

امید ہے کہ جناب اقدس ادارے کی اس درخواست کی منظوری صادر فرما کر ملک بھر میں اللہ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء مقدسہ کے تقدس کیلئے ادارے کی حوصلہ افزائی فرمائیں گئے۔

جزاک اللہ العارض انتظامیہ: خدمتِ قرآن ٹرسٹ (رجسٹرڈ) پاکستان